نعت شریف

پروفیسر ڈاکٹر محمد شکیل اوج
ڈائریکٹر سیرت چیئر، جامعہ کراچی
ڈین، کلیہ معارف اسلامیہ، جامعہ کراچی

آیتوں کی جب تلاوت کیجئے	آپ کی ہر دم زیارت کیجئے
گر کیا مہجور اس قرآن کو (۱)	پھر نہ آقا سے شکایت کیجئے
جس کی الفت دین کی بنیاد ہے	اُس نبی کی دل سے چاہت کیجئے
اُن کے نامِ پاک پہ مَرجایئے	موت کو فخرِ شہادت کیجئے
اُستوار پھر عہدِ طاعت کیجئے	کامرانی کی وہ صورت کیجئے
ابتداء اسلام کی کیسے ہوئی؟	یاد غُربت کی مَسافت کیجئے
اہلِ حق پر جو اُترتی ہے سَدا	پھر وہی ہم پر سکینت کیجئے (۲)
آپ اور اصحاب کا اُسوہ ہے یہ	دشمنانِ دیں پہ شدّت کیجئے (۳)
رحم ہو آپس میں گویا اِس طرح	گر لڑے کوئی تو حیرت کیجئے
باہمی اُلفت رہے کچھ اس قدر	غیر مانے وہ اخوت کیجئے
مزرعِ اسلام کو پھر سینچ کر	قلبِ کافر پر قیامت کیجئے
ہاتھ ہے جن کا مرے اللہ کا ہاتھ	ایسے ہاتھوں پر ہی بیعت کیجئے (۴)
فیصلہ کُن انقلاب آنے کو ہے	پیش دعوے پر شہادت کیجئے
اپنے ایماں اور اپنے دین کی	بدنظر سے پھر حفاظت کیجئے
حق پرستی کی سزا کیونکر ملے؟	آگے بڑھیئے اور جُرأت کیجئے
حق نے باطل کو مٹایا جس طرح	پھر اُسے زندہ حقیقت کیجئے
جس کی حُرمت پر فدا یہ جان ہے	اُس نبی کی دل سے عزّت کیجئے (۵)
ان کی ہستی پر جو سبقت کیجئے	مُسترد ہے، گو عبادت کیجئے (۶)
صوت پر ان کی ترفّع جُرم ہے	نیکیوں کو یوں نہ غارت کیجئے (۷)

رب کا بھی ارشاد ہے لاتجہروا		کیوں عمل اپنا اکارت کیجئے (۸)
ان کے رب نے کب پکارا نام سے؟		آپ نہ ایسی جسارت کیجئے (۹)
جب بُلائیں آپ کو آقا حضور		حاضری میں پھر نہ غفلت کیجئے (۱۰)
جلوۂ صد رنگ ہو پیشِ نگاہ		پھر عطا چشمِ بصیرت کیجئے

حوالہ جات

۱۔ الفرقان/۳۰
۲۔ الفتح/۴
۳۔ الفتح/۲۹
۴۔ الفتح/۱۰
۵۔ التوبہ/۱۲۰
۶۔ الحجرات/۱
۷۔ الحجرات/۲
۸۔ الحجرات/۲
۹۔ الاحزاب/۱، المائدہ/۴۱۔۶۷
۱۰۔ النور/۶۳